12-07-2026

12:30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔خبروں کا بلیٹن لیکر مینبلال وانی

پی ایم نیوزی لینڈ

وزیر اعظم نریندر مودی نیوزی لینڈ کا اپنا دو روزہ تاریخی دورہ مکمل کیا ہے ۔یہ چار دہائیوں سے زائد عرصے میں کسی بھی بھارتی وزیر اعظم کا نیوزی لینڈ کا پہلا دورہ تھا، جس کی بدولت دونوں ملکوں کے مابین دوطرفہ تعلقات کو نمایاں فروغ ملے گا۔دورے کے دوران، وزیر اعظم مودی نے اپنے نیوزی لینڈ کے ہم منصب کرسٹوفر لکسن کے ساتھ بات چیت کی۔ دونوں رہنماو

---

ں کی موجودگی میں دفاع، سیاحت، کھیل، آفات سے نمٹنے کے انتظام ، اور مویشی پروری ۂ جیسے شعبوں میں پانچ مفاہمت نامے طے پا گئے۔واضح رہے وزیر اعظم نریندری مودی6جولائی سے تین ملکوں انڈونیشا ،اسٹریلیااورنیوز لینڈ کے سرکاری دورے پر تھے۔

ایل جی

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ موجودہ ڈیجیٹل دور میں مستند، بروقت اور ذمہ دارانہ معلومات کی فراہمی پہلے سے کہیں زیادہ اہم ہو گئی ہے، جبکہ ذرائع ابلاغ سے وابستہ افسران پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ درست معلومات کی موثر ترسیل کے ذریعے عوام اور حکومت کے درمیان اعتماد کو مضبوط بنائیں۔

وہ لوک بھون، سری نگر میں انڈین انفارمیشن سروس کے 2023 بیچ، گروپ’بی‘ کے 16 زیرِ تربیت افسران سے ملاقات کے دوران اظہارِ خیال کر رہے تھے۔منوج سنہا نے عوامی ابلاغ کے بدلتے ہوئے منظرنامے پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اطلاعاتی خدمات سے وابستہ افسران کو اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں پوری دیانتداری، حساسیت، غیرجانبداری اور لگن کے ساتھ انجام دینی چاہئیں تاکہ عوام تک قابلِ اعتماد معلومات بروقت پہنچ سکیں۔

یاترا

سالانہ شری امرناتھ جی یاترادونوں روایتی راستوں بالتل اور پہلگام سے احسن طریقے پر جاری ہے اور اب تک اڑھائی لاکھ کے قریب شردھالوؤں نے پوتر گپھا میں حاضری دے کر شیو لنگم کے درشن کئے۔

دریں اثنا 9ہزار153شردھالوؤں پر مشتمل 11واں قافلہ وادی پہنچ رہاہے جن میں سے 3ہزار429بالتل جبکہ 5ہزار724یاتری پہلگام کے راستے پوترا گپھا کی طرف سفر کررہے ہیں۔

امرناتھ جی یاترا پرآئے ہوئے شردھالوؤں نے یاترا کے حوالے سے کئے گئے انتظامات پرا پنے تاثرات کا یوں اظہار کیا

.......................

نوٹیفکیشن

بھارت نے یمن کے لئے سفری پابندیوں سے متعلق 2017نوٹیفکیشن کو منسوخ کیا ہے جس کے تحت یمن کا سفر کرنے والے بھارتی شہریوں پر کچھ شرائط عائد کی گئی تھیں۔ تاہم وزارت خارجہ کی طرف سے جاری ایڈوائزری میں بھارتی شہریوں کو مشورہ دیاگیا ہے کہ وہ یمن کا غیر ضروری سفر کرنے سے گریز کریں۔

واضح رہے یہ نوٹیفکیشن اُس وقت جاری کیاگیا تھا جب یمن میں سیکورٹی صورتحال ناموافق تھی۔

سکینہ ایتو

حکومت نے سرکاری سکولوں کے اِنتظامی اور تعلیمی ڈھانچے کو مزید مضبوط بنانے کی غرض سے ایک اہم قدم کے تحت 539 ماسٹروں کو اِنچارج ہیڈماسٹر مقررکیاہے۔

اس حوالے سے تعلیم کی وزیرسکینہ اِیتونے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی قیادت میں موجودہ حکومت تعلیمی اداروں کی بہتری کے لئے پُرعزم ہے۔ اُنہوں نے کہا سرکارتعلیمی شعبے میں ترقی پسند اصلاحات کی عمل آوری کے ذریعے تعلیمی اِداروں کو جدید خطوط پر استوار کر رہی ہے۔

جاوید رانا

جل شکتی کے وزیر جاوید احمد راناافسران کو ہدایت دی کہ وہ تمام اسکیموں کومقررہ مدت کے اندر مکمل کریں،تاکہ عوام ان اسکیموں سے بھرپور فوائدحاصل کرسکیں۔وہ سول سیکرٹریٹ

جموں میں ایک میٹنگ کے دوران جموں صوبے میں پبلک ہیلتھ انجینئرنگ اوراری گیشن اینڈ فلڈ کنٹرول محکموں کی کارکردگی کا جائزہ لے رہے تھے۔

اس موقعے پر وزیر نے جموں خطے کے نشیبی علاقونمیں ممکنہ سیلاب کی صورتحال سے نمٹنے کیلئے موثر اقدامات کرنے کے احکامات بھی صادر کئے۔

فضل الحسیب

سری نگر اسمارٹ سٹی لمیٹڈکے چیف ایگزیکٹو آفیسر فضل الحسیب نے شہر سرینگر کے کئی اہم تاریخی آبی گزرگاہوں اور ندی نالونکا معائینہ کرتے ہوئے افسران پرآبی ذخائر کے تحفظ اور نکاس آب کے بہتر انتظامات کو یقینی بنانے ر زور دیا ہے۔

انہوننے افسران کو ہدایت دی ہے کہ ان آبی گزرگاہوں سے متعلق ایک مکمل رپورٹ تیار کریں تاکہ شہری اثاثوں کے تحفظ اورمربوط منصوبہ بندی کو یقینی بنایا جا سکے۔ اس موقعے پر انہوں نے مقامی لوگوں سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ ندی نالوں اور آبی ذخائر میں کوڑا گرکٹ پھینکنے سے گریز کریں۔

DLSA

سیکرٹری ڈسٹرکٹ لیگل سروسز اتھارٹی گاندر بل شیخ بابر حسین نے ورچول موڈ کے ذریعے ضلعے مینطالبات کیلئے عملائی جاریی پرگیاسکالر شپ سکیم کی عمل آوری کا جائزہ لیا۔

انہوں نے پیرا لیگل والنٹیئرس کو ہدایت دی کہ وہ ضلعے میں گھر گھر جاکر اہل طالبات کی نشاندہی کرکیں تاکہ انہیں اسکیم کے دائرے میں لایا جاسکے۔

ڈی سی کولگام

ضلع ترقیاتی کمشنر کولگام شہزاد عالم نے افسران کو ہدایت دی ہے کہ وہ تمام جاری تعمیراتی کاموں کومعیاد بند وقت میں مکمل کریں اورضلعے میں PM پوشن اسکیم کی بہتر عمل آوری کو یقینی بنائیں۔

وہ ضلع میں محکمہ تعلیم کی ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کررہے تھے۔ انہوننے زونل ایجوکیشن افسران کو فیلڈ وزٹ کرکے پیش رفت رپورٹ جمع کرانے کی بھی ہدایت د ی ہے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ